UNITED AGAINST HATE

RAHP
redditch
anti-harassment
partnership

# نفرت پر مبنی معاملہ کی رپورٹنگ کا فارم

## رہنمائی کے لئے ملاحظات

یہ نفرت پر مبنی معاملہ کی رپورٹنگ کا فارم کسی بھی ایسے شخص کے ذریعہ پر کیا جانا چاہئے جو یہ محسوس کرتا ہو کہ وہ نفرت پر مبنی کسی معاملہ کا شکار رہا ہے یا گواہ ہے۔ آپ اس فارم کا استعمال کسی ایسے معاملہ کی اطلاع دینے کے لئے بھی کر سکتے ہیں جس کے بارے میں آپ جانتے ہوں لیکن آپ نے اسے خود نہ دیکھا ہو۔ اسے 'تیسرے فریق' کی رپورٹنگ کہا جاتا ہے۔

اگر آپ چاہیں تو اپنا نام ظاہر کئے بغیر بھی رپورٹ کر سکتے ہیں، تاہم اگر آپ اپنے رابطہ کی تفصیلات فراہم کریں گے تو آپ کو ان دیگر ایجنسیوں کی طرف سے اضافی تعاون مل سکتا ہے جو آپ کی طرف سے کارروائی بھی کرسکتی ہیں۔

### نفرت پر مبنی معاملہ کیا ہے؟

نفرت پر مبنی معاملات کا سبب درج ذیل حقیقی یا خیالی چیزوں کی وجہ سے دوسرے لوگوں کے تئیں کسی شخص کی نفرت ہوتی ہے...

- نسل، رنگ، نسلی اصلیت، قومیت یاقومی اصلیت
- مذہب
- جنسی رجحان
- جنس یا جنسی شناخت
- معذوری
- عمر

1999 میں اسٹیفن لارینس کی موت کے ضمن میں کی جانے والی انکوائری کے نتیجہ میں نسلی عصبیت پر مبنی معاملہ کی ایک قومی طور پر تسلیم کی جانے والی تعریف تیار اور قبول کی گئی تھی۔ یہی وہ تعریف ہے جو نفرت سے تحریک پاکر پیش آنے والے تمام معاملات کو ریکارڈ کرنے، ان کی تحقیق کرنے اور ان پر کارروائی کرنے کے ہمارے طریق کار کو رہنمائی فراہم کرتی ہے۔

### نفرت پر مبنی معاملہ کی تعریف یوں کی گئ ہے...

"کوئی ایسا معاملہ، جو قابل تعذیر جرم ہو بھی سکتا ہے یا نہیں بھی، جسے حادثہ کا شکار فرد یا کوئی دیگر شخص عصبیت یا نفرت سے تحریک پاکر پیش آنے والا تصور کرتا ہو"۔

### نفرت پر مبنی معاملات کی بہت سی شکلیں ہوسکتی ہیں جن میں شامل ہیں:

- جسمانی حملہ – جیسے جسمانی دست درازی، املاک کو نقصان، جارحانہ گریفٹی، پڑوسی کے جھگڑے اور آتشزنی
- حملہ کی دھمکی – جس میں شامل ہیں جارحانہ خطوط، گالی گلوج پر مبنی یا بیہودہ ٹیلیفون کالیں، دھمکانے کے لئے گروپوں کا آس پاس منڈلانا اور بے بنیاد، عداوت پر مبنی شکایات
- زبانی گالی گلوج یا توہین – جارحانہ کتابچے اور پوسٹر، ناروا اشارے، گھروں کے باہر یا لیٹربکس کے ذریعہ کوڑا کرکٹ پھینکنا اور اسکول یا کام کی جگہ پر دھونس جمانے کا معاملہ

نفرت پر مبنی معاملہ کا شکار ہونے والے فرد کیلئے ضروری نہیں ہے کہ وہ کسی اقلیتی گروپ کا فرد یا کوئی ایسا شخص ہو جسے عام طور پر 'ضررپذیر' سمجھا جاتا ہے۔ کسی شخص کو اقلیتی گروپ کے کسی فرد سے دوستی یا تعلق کی وجہ سے نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔

## سیکشن B: حادثہ کے شکار فرد کے بارے میں

**جنس** ☐ مرد ☐ عورت

**ایج گروپ** ☐ 16 سال سے کم ☐ 16-24 ☐ 25-34 ☐ 35-44 ☐ 45-55 ☐ 55 سال سے زیادہ

**نسلی اصلیت** *(جو موزوں ہو اس پر صحیح کا نشان لگائیں)*

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ☐ سفید فام برطانوی | ☐ سیاہ فام کیریبیائی | ☐ پاکستانی | ☐ سفید فام اور سیاہ فام کیریبیائی | ☐ چینی |
| ☐ سفید فام آئرش | ☐ سیاہ فام افریقی | ☐ ہندوستانی | ☐ سفید فام اور سیاہ فام افریقی | ☐ کوئی دیگر نسلی گروپ * |
| ☐ کوئی دیگر سفید فام پس منظر * | ☐ کوئی دیگر سیاہ فام پس منظر* | ☐ بنگلادیشی | ☐ سفید فام اور ایشیائی | ☐ جواب نہ دینے کو ترجیح دیں گے |
| | | ☐ کوئی دیگر ایشیائی پس منظر* | ☐ کوئی دیگر مخلوط پس منظر* | |

*برائے مہربانی تفصیل فراہم کریں ______

## سیکشن C: مرتکبین کے بارے میں

**کتنے مرتکبین تھے؟** ______

**جنس** ☐ مرد ☐ عورت

**ایج گروپ** ☐ 16 سال سے کم ☐ 16-24 ☐ 25-34 ☐ 35-44 ☐ 45-55 ☐ 55سال سے زیادہ

**نسلی اصلیت** (اوپر دیکھیں) ______

## مرتکبین (اضافی معلومات)

*(برائے مہربانی اگر معلوم ہو تو نام، پتے یا یہاں تک کہ عرف سمیت مرتکبین سے متعلق کوئی بھی اضافی معلومات فراہم کریں۔ فراہم کردہ کسی بھی معلومات کے ساتھ سخت ترین رازداری برتی جائے گی۔)*

## سیکشن D: منظوری دینا

میں اپنی ذاتی تفصیلات ان دیگر ایجنسیوں کے سامنے ظاہر کئے جانے کی منظوری دیتا ہوں جن کی نشاندہی ذیل میں کی گئی ہے۔

☐ پولیس ☐ مقامی مقتدرہ ☐ ویکٹم سپورٹ

☐ ہاؤسنگ ایسوسی ایشنز ☐ ورسٹر شائر ریشیل ایکوالٹی کونسل ☐ فہرست میں شامل کردہ تمام ایجنسیاں

دیگر (برائے مہربانی بیان کریں کہ کون) ______

دستخط ______ تاریخ ______

## رابطہ کی تفصیلات (اختیاری)

نام ______ ٹیلیفون:نمبر ______

پتہ ______

پوسٹ کوڈ ______ ای میل ______

رابطہ کا ترجیحی طریقہ/وقت ______

**رپورٹنگ سنٹر کا نام:** ______ رپورٹ لینے والا فرد: ______

**(صرف دفتر کے استعمال کے لئے) حوالہ نمبر:** ______ تاریخ: ______

# فارم کی خانہ پری کرنا

فارم کی خانہ پری کرتے وقت کالی یا نیلی روشنائی سے صاف صاف لکھتے ہوئے برائے مہربانی زیادہ سے زیادہ تفصیلات فراہم کریں۔ اگر ضروری ہو تو ایک الگ ورق استعمال کریں جو پھر ٹھیک سے فارم کے ساتھ منسلک کردیا جانا چاہئے۔

**سیکشن A** – معاملہ (معاملات) کی تفصیلات۔ معاملہ کی نوعیت شامل کریں، یہ کب اور کہاں پیش آیا اور آیا آپ اس کی اطلاع حادثہ کے شکار فرد، گواہ یا تیسرے فریق کی حیثیت سے دے رہے ہیں۔ یہ بات اہم ہے کہ ہمیں معلوم ہو کہ آیا یہ معاملات پہلے بھی پیش آئے ہیں اور آیا ان کی اطلاع کسی دیگر ایجنسی کو دی گئی ہے۔ تفصیل فراہم کرتے وقت برائے مہربانی یہ بھی شامل کریں کہ اس معاملہ کی وجہ سے آپ کو کیسا محسوس ہوا اور آیا گھرانے کا کوئی دیگر فرد اس سے متاثر ہوا ہے۔

**سیکشن B** – حادثہ کے شکار فرد (افراد) سے متعلق تفصیلات۔ یہ معلومات ہمیں معاملات کو سب سے زیادہ مناسب طریقہ سے ریکارڈ کرنے اور ان سے نمٹنے کا اہل بنائے گی۔ اگر آپ ایک گواہ یا تیسرے فریق کی حیثیت سے اطلاع دے رہے ہیں تو آپ کو چاہئے کہ حادثہ کے شکار فرد (افراد) کے بارے میں وہ معلومات فراہم کریں جو آپ جانتے ہیں۔

**سیکشن C** – مرتکب (مرتکبین) سے متعلق تفصیلات۔ یہ بات اہم ہے کہ ہم ان معاملات کو انجام دینے والے لوگوں کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات اکٹھا کریں تاکہ ہم رویے کے انداز کی شناخت کرسکیں اور مزید معاملات پیش آنے کو روک سکیں۔ نام، پتے، تفصیلات اور یہاں تک کہ عرف دیگر معاملات سے **تعلق** فراہم کرسکتے ہیں اور مرتکبین سے متعلق فراہم کردہ کسی بھی معلومات کے ساتھ سخت ترین رازداری برتی جائے گی۔

**سیکشن D** – رابطہ کی تفصیلات اور ذاتی معلومات کو دوسروں کے ساتھ بانٹنے کی منظوری۔ رپورٹیں نام ظاہر کئے بغیر بھی فراہم کی جاسکتی ہیں، تاہم، ہم چاہیں گے کہ آپ اپنی تفصیلات فراہم کریں تاکہ ہم آپ کو مزید مدد اور تعاون پیش کر سکیں۔ اگر آپ اپنی منظوری دیتے ہیں تو ہم ان معلومات کو جو آپ نے فراہم کی ہیں دیگر ایجنسیوں کے ساتھ بانٹ سکتے ہیں جو آپ کی طرف سے مزید کارروائی کرسکتی ہیں۔

# آگے کیا ہوگا؟

خانہ پری کئے جانے کے بعد فارم فراہم کردہ پری پیڈ لفافہ میں ریڈچ ٹاؤن ہال میں کمیونٹی سیفٹی پروجیکٹ افسر کو لوٹائے جانے چاہئیں۔ اگر آپ نے ہمیں اپنے رابطہ کی تفصیلات فراہم کی ہیں تو آپ کی رپورٹ کے بارے میں مزید بات چیت کرنے کے لئے ایام کار کے 5 دنوں کے اندر ایک افسر آپ سے رابطہ کرے گا۔

اگر آپ اپنی ذاتی تفصیلات کو ظاہر کئے جانے کی منظوری دیتے ہیں تو آپ کی طرف سے فراہم کردہ معلومات ان ایجنسیوں کے ساتھ بانٹی جا سکتی ہیں جن کی نشاندہی فارم پر کی گئی ہے۔ اس بارے میں بات چیت کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا کہ کون سی کارروائی کی جا سکتی ہے اور کونسا اضافی تعاون پیش کیا جا سکتا ہے۔ آپ کو پیش رفت سے آگاہ رکھا جائے گا اور کوئی بھی مجوزہ کارروائی آپ کی جانکاری اور منظوری کے ساتھ ہی کی جائے گی۔

اگر آپ اپنی منظوری نہ دینے کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کی ذاتی تفصیلات کسی دیگر تنظیم کے سامنے نہیں ظاہر کی جا سکتیں، آپ کی طرف سے فراہم کردہ معلومات درج کی جائیں گی اور نگرانی رکھنے کے مقاصد کے لئے استعمال کی جائیں گی۔

کچھ حالات میں، مخصوص معلومات کو ظاہر کرنا نگہداشت کا فرض ہو سکتا ہے، اگر شکار فرد ایک بچہ (18 سال سے کم عمر کا) ہو۔ ان حالات میں اس بارے میں بات چیت کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا کہ آپ کو ضروری مدد اور تعاون کس طرح مل سکتا ہے۔

نفرت پر مبنی معاملہ کی اطلاع دینے کی اسکیم کو ایک کثیر ایجنسی پینل کے ذریعہ تعاون ملتا ہے جسے ریڈچ انٹی ہراسمنٹ پارٹنرشپ (RAHP) کہا جاتا ہے۔ RAHP کا قیام 1995 میں عمل میں آیا تھا اور وہ جرم نفرت کے شکار افراد اور گواہوں کا تعاون کرتا ہے۔ RAHP کے ممبران میں شامل ہیں:
ریڈچ برو کونسل، ویسٹ مرشیا پولیس، ورسٹر شائر ریشیل ایکوالٹی کونسل، لوکل ہاؤسنگ ایسوسی ایشنز، ویکٹم سپورٹ، ورسٹر شائر کاؤنٹی کونسل، کمیونٹی منٹل ہیلتھ سروسز، ویسٹ مرشیا پروبیشن سروس، ورسٹر شائر یوتھ آفینڈنگ سروس، سینڈی کروفٹ اور ریڈچ انٹر کلچرل ایسوسی ایشن۔

اس کثیر ایجنسی طریق کار کا مطلب ہے کہ شراکت داری میں شامل تمام تنظیمیں حادثہ کے شکار افراد اور گواہوں کو پیشہ ورانہ تعاون اور مدد پیش کرنے کے لئے مل کر کام کریں گی، کسی مزید معاملہ کو پیش آنے سے روکنے کے لئے مؤثر کارروائی کریں گی اور، رضامندی کے ساتھ، مرتکب کے خلاف قانونی کارروائی کریں گی۔

ریڈچ اور برومزگرو جوائنٹ ہیٹ کرائم پارٹنر شپ کے بارے میں مزید معلومات کے لئے برائے مہربانی **01527 534187 یا**
communitysafety@redditchbc.gov.uk پر کمیونٹی سیفٹی ٹیم سے رابطہ کریں۔

UNITED AGAINST HATE

RAHP redditch anti-harassment partnership

اگر اس فارم کی خانہ پری کرنے میں آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو برائے مہربانی عملہ کے کسی فرد سے بات کریں یا **01527 534123** پر ریڈچ برو کونسل کے مرکز رابطہ کو کال کریں اور کسٹمر سروس کے صلاح کار سے بات کریں۔ درخواست کرنے کی صورت میں اس فارم کی نقلیں بڑے حروف کی طباعت، بریل یا آڈیو کیسٹ کی شکل میں فراہم کی جاسکتی ہیں۔

# نفرت پر مبنی معاملہ کی رپورٹنگ کا فارم

## (معلومات کے ساتھ سخت ترین رازداری برتی جائے گی)

### سیکشن A: معاملہ کے بارے میں

کیا آپ: ☐ حادثہ کے شکارفرد؟ ☐ گواہ؟ ☐ تیسرے فریق ہیں؟

آپ کے خیال کے مطابق اس معاملہ کو کس چیز سے تحریک ملی؟

☐ نسلی عصبیت ☐ مذہب ☐ معذوری

☐ ہم جنسیت سے نفرت ☐ دو جنسیت سے نفرت (جنس) ☐ عمر

### معاملہ (معاملات) کی نوعیت - اگر موزوں ہو تو ایک سے زاید پر صحیح کا نشان لگائیں

☐ آتشزنی ☐ زبانی گالی گلوچ ☐ دست درازی ☐ املاک کو نقصان

☐ جھگڑے ☐ تکلیف ☐ نفرت پر مبنی میل ☐ چوری

☐ ہراسانی ☐ دھمکی ☐ گریفٹی ☐ عداوت پر مبنی فون کال

دیگر ______

معاملہ پیش آنے کا وقت دن/رات ______ تاریخ ______

محل وقوع /گلی ______ پوسٹ کوڈ ______

کیا اس جیسا معاملہ پہلے بھی پیش آیا ہے؟ نہیں ☐ ہاں ☐ اگر ہاں، کب ______

کیا آپ نے اس معاملہ کی اطلاع کسی دیگر ایجنسی کو دی ہے؟ نہیں ☐ ہاں ☐ اگر ہاں، کس کو ______

### معاملہ (معاملات) یا کارروائیوں کی مختصر تفصیل

*( اس بارے میں زیادہ سے زیادہ تفصیل فراہم کریں کہ کیا ہوا تھا، یہ شامل کرنا نہ بھولیں کہ اس معاملہ سے آپ نے کیسا محسوس کیا تھا اور آیا گھرانے کے دیگر افراد متاثر ہوئے تھے)*